زندگی گزارنے کے آداب

ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

خصال

شیخ الصدوق رح

We Provide The Standard

5

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
[illegible]

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق وتشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین وتصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

AL-KISA®
PUBLISHERS
We Provide The Standard
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

اس کے بعد تمیم ابن بہلول نے کہا: ابومعاویہ نے اعمش کے ذریعہ مجھ سے روایت بیان کی اور اس نے امامت کے متعلق امام جعفر صادق سے بعینہ حدیث بیان کی۔

محمد ابن موسیٰ ابن متوکلؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: محمد ابن یحییٰ عطار نے احمد ابن محمد ابن عیسیٰ کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، کہا: حسن ابن عباس ابن جریش رازی نے امام محمد تقیؑ سے نقل کیا کہ امیرالمومنینؑ نے ابن عباسؓ سے فرمایا: ہر سال شب قدر واقع ہوتی ہے اور اس رات امر سنت نازل ہوتا ہے اور اسی وجہ سے امر رسول خداؐ کے بعد والی حضرات ہیں تو ابن عباسؓ نے فرمایا: وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں خود اور گیارہ میری صلب سے ائمہ اور محدثین ہوں گے۔

انہی اسناد سے منقول ہے کہ رسول خداؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: شب قدر پر ایمان لاؤ کہ میرے بعد یہ علی ابن ابی طالبؑ اور اس کی گیارہ فرزندوں کے لئے ہے۔

محمد ابن علی ماجیلویہؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: محمد ابن یعقوب کلینیؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: ابوعلی اشعری نے حسین ابن عبیداللہ کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، اس نے حسن ابن موسیٰ خشاب سے، اس نے علی ابن سماعہ سے، اس نے علی ابن حسین ابن رباط سے، اس نے اپنے والد سے، اس نے ابن اذینہ سے، اس نے زرارہ وابن اعین سے نقل کیا کہ میں نے امام محمد باقرؑ کو یہ کہتے سنا کہ رسول خداؐ کے بعد آل محمدؐ سے بارہ امام ہیں کہ جن میں سب کے سب محدث ہوں گے اور علی ابن ابی طالبؑ ان میں سے ایک ہیں!

میرے والد نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: علی ابن ابراہیم ابن ہاشم نے اپنے والد کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، اس نے محمد ابن ابی عمیر سے، اس نے سعید ابن غزوان سے، اس نے ابوبصیرؓ سے نقل کیا کہ امام محمد باقرؑ نے فرمایا: حضرت حسینؑ ابن علیؑ کے بعد نو ائمہ ہوں گے کہ ان میں نویں قائم ہیں علیہم السلام۔

جعفر ابن محمد مسرورؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: حسین ابن محمد ابن (ایک نسخہ میں علی ہے) عامر اشعری نے معلی ابن محمد (ایک نسخہ میں علی ہے) بصری کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، اس نے حسن ابن علی وشاء سے، اس نے ابان سے، اس نے زرارہ سے نقل کیا کہ میں نے امام محمد باقرؑ کو یہ کہتے سنا کہ بارہ امام ہوں گے کہ جن میں سے حضرات علیؑ، حسنؑ اور حسینؑ ہیں اور ان کے بعد اولاد حسینؑ میں سے نو امام ہوں گے۔

مولف کتاب فرماتے ہیں: اسی مضمون کی حدیث کو میں نے کتاب کمال الدین وتمام النعمہ فی اثبات الغیبہ وکشف الحیرہ میں نقل کیا ہے۔

﴿۷﴾ **مسواک میں بارہ خوبیاں پائی جاتی ہیں:** میرے والدؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: محمد ابن یحییٰ عطار نے محمد ابن احمد ابن یحییٰ ابن عمران اشعریؒ کے ذریعہ مجھ سے روایت بیان کی، اس نے حسن ابن حسین لؤلؤی سے، اس نے حسن ابن یوسف ابن معاذ جوہری سے، اس نے عمرو ابن جمیع سے مرفوع روایت بیان کی کہ نبیؐ نے فرمایا: مسواک میں بارہ خوبیاں پائی جاتی ہیں: منہ کو پاک کرتی ہے، پروردگار کو راضی کرتی ہے، دانتوں کو سفید کرتی ہے، دانتوں کی پیلاہٹ کو دور کرتی ہے، بلغم کو کم کرتی ہے، بھوک بڑھاتی ہے، نیکیوں کو دگنا کرتی ہے، اس کے ذریعہ سنت پر عمل ہوتا ہے، فرشتے مسواک کرنے والے کے پاس حاضر ہوتے ہیں، مسوڑھوں کو مضبوط کرتی ہے، قرآن کی قرأت کو شستہ کردیتی ہے اور مسواک کرکے دو رکعت نماز پڑھنا خدا کو بغیر مسواک کے ستر رکعتوں سے زیادہ پسند ہے۔